بیماریوں اور مصائب سے بچنے کی دعا

۱- حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ اپنے گھر والوں کے لئے اس طرح پناہ مانگتے تھے کہ اپنے داہنے ہاتھ سے سہلاتے اور فرماتے:

«اللَّهُمَّ رَبَّ النَّاسِ أَذْهِبِ البَاسَ، واشْفِهِ وَأَنْتَ الشَّافِي، لاَ شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ، شِفَاءً لاَ يُغَادِرُ سَقَمًا»

" اے اللہ لوگوں کے رب اس بیماری کو دور فرما، اور شفا دے تو ہی شفا دینے والا ہے، شفا صرف تیری ہی شفا ہے ایسی شفا عطا فرما جو کسی مرض کو نہ چھوڑے"۔(بخاری و مسلم)

۲- عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے ایک بیماری کی شکایت کی جسے وہ اسلام لانے کے وقت سے اپنے جسم میں محسوس کر رہے تھے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اپنا ہاتھ اپنے جسم کے اس مقام پر رکھو جہاں درد ہے اور یہ دعا پڑھو

« بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمنِ الرَّحِيْمِ، أَعُوذُ بِعِزَّةِ اللَّهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ »

"اللہ کی نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے پناہ چاہتا ہوں اللہ کی عزت و قدرت کی اس چیز کی برائی سے جسے پاتا ہوں" (مسلم وابو داود)

۳- حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ جب کسی کو کوئی تکلیف پہونچتی، یا پھنسی اور زخم ہوتا، تو رسول اللہ ﷺ اپنی انگلی زمیں پر رکھ کر اٹھاتے اور یہ دعا پڑھتے

«بِسْمِ اللَّهِ، تُرْبَةُ أَرْضِنَا، بِرِيقَةِ بَعْضِنَا، يُشْفَى سَقِيمُنَا، بِإِذْنِ رَبِّنَا»

"اللہ کے نام کے ساتھ ہماری زمین کی مٹی ہم میں سے کسی کے تھوک کے ساتھ۔ ہمارے پروردگار کے حکم سے ہمارا بیمار اچھا ہو جائے"۔(بخاری)